www.understandquran.com

سبق-16 : اللہ ایک ہے (دوسرا حصّہ)

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- اللہ کے والدین نہیں ہیں اور اس کی کوئی اولاد نہیں ہے۔
- اللہ کے برابر کوئی نہیں۔

تلاوت وتشریح : تجوید اور احساس کے ساتھ پڑھیے جیسا کہ حضرت محمد ﷺ پڑھا کرتے تھے!

وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿3﴾	لَمْ يَلِدْ ۙ
اور نہ وہ جنا گیا۔	نہ اس نے (کسی کو) جنا
نہ اس نے (کسی کو) جنا اور نہ وہ جنا گیا۔	

- لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ: اللہ کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ ہی ماں باپ۔ اُس کا کوئی خاندان نہیں۔ وہ یکتا اور اکیلا ہے۔
- اللہ ہمیشہ سے ہے اور رہے گا۔ اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ کائنات کی ہر چیز اُسی کی پیدا کردہ ہے۔

غوروفکر-مطالعہ، تصوّر اور احساس :

- اللہ ساری کمزوریوں سے پاک ہے۔ اُس کو کسی اولاد کی ضرورت نہیں۔
- تصوّر کیجیے کہ کیسے اللہ شروع سے آخر تک موجود ہے، وہی اوّل ہے اور وہی آخر ہے۔

نصیحت لینا-دعا، احتساب اور پلان :

- اللہ ان لوگوں سے بہت ناراض ہوتا ہے جو اللہ کے بارے میں جھوٹ بولتے ہیں۔
- میں اس آیت کو پڑھوں گا، یاد کروں گا اور اس پر کامل ایمان رکھوں گا۔

اَحَدٌ ﴿4﴾	كُفُوًا	لَّهٗ	وَلَمْ يَكُنْ
کوئی۔	ہمسر	اس کا	اور نہیں ہے
اور اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔			

- كُفُوًا: ہم کسی کو اللہ کے برابر نہیں ٹھہرا سکتے۔
- سورہ اخلاص میں پانچ اہم باتیں ہیں:

1. اللہ ایک ہے۔
2. اللہ کو کسی کی ضرورت نہیں۔
3. اُس کی کوئی اولاد نہیں۔
4. اس کے والدین نہیں۔
5. اُس کے جیسا کوئی نہیں۔

قصہ : ایک صحابی نماز کی ہر رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھتے پھر کوئی اور سورت کی تلاوت کرتے، رسول اللہ ﷺ نے ان سے سوال کیا کہ وہ ایسا کیوں کرتے ہیں تو انہوں نے کہا: مجھے اس سے بہت محبت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اس سورت سے تمہاری محبت تمہیں جنت میں لے جائے گی“۔ (بخاری)

غور و فکر۔ مطالعہ، تصوّر اور احساس :

- تصور کیجیے کہ اللہ کتنا بڑا اور قدرت والا ہے۔
- غور کیجیے کہ کس طرح اللہ نے پوری کائنات کو پیدا کیا اور ہم سب کی تمام ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ اگر صرف دو یا تین لوگ ہی ہم سے ایک ساتھ سوال کرنے لگیں تو ہم پریشان ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کتنا عظیم ہے کہ کروڑوں انسان ہر وقت اس سے مانگتے رہتے ہیں اور وہ سب کی ضرورتیں پورا کرتا رہتا ہے۔
- اللہ تعالیٰ ہر چیز سنتا ہے، دیکھتا ہے اور جانتا ہے؛ لیکن وہ انسانوں کی طرح نہیں جو تھک جائے۔
- اللہ تعالیٰ کی قوت ہر چیز سے زیادہ ہے۔ یعنی یہ ہے کہ وہ جو چاہے کر سکتا ہے۔ کوئی اُس کے برابر نہیں۔

نصیحت لینا۔ دعا، احتساب اور پلان :

- اللہ کی نہ اولاد ہے اور نہ والدین۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور وہ ہمیشہ رہے گا۔ کتنا عظیم ہے وہ!
- ہر وقت اور خاص طور پر مشکل اوقات میں اس بات کا یقین رکھیں کہ اللہ آپ کے مدد کرنے والا ہے۔

عادت : حضرت محمد ﷺ ہر رات سونے سے پہلے سورۂ فلق، سورۂ ناس اور سورۂ اخلاص پڑھا کرتے تھے۔ ان شاء اللہ میں بھی پڑھوں گا!

مشقی سوالات

1. اللہ کے برابر کوئی نہیں کا کیا مطلب ہے؟
2. سورۂ اخلاص میں کون سی پانچ اہم باتیں بیان کی گئی ہیں؟
3. رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہر رکعت میں سورۂ اخلاص کیوں پڑھا کرتے تھے؟

www.understandquran.com